NSW GOVERNMENT | Education Public Schools

# SCHOOL SWIMMING AND WATER SAFETY PROGRAM

## Message to Parents / Caregivers

والدین/سرپرستوں کے نام پیغام

ہمارے سکول کے نصاب میں سوئمنگ یعنی تیراکی سیکھنے کا پروگرام شامل کرنے کیلئے انتظامات کر لیے گئے ہیں۔

Department of Education کی سکول سوئمنگ سکیم کم عرصے میں بھرپور توجہ دے کر تیراکی سیکھنے کا پروگرام ہے جس سے پانی میں جانے کا اعتماد پیدا ہوتا ہے اور طالبعلموں کو پانی میں محفوظ رہنے اور اپنی جان بچانے کیلئے بنیادی مہارتیں حاصل ہوتی ہیں۔ یہ سکیم دس دنوں تک چلتی ہے۔ ہر روز 45 منٹ کی کلاس ہوتی ہے۔

جو طالبعلم پانی میں محفوظ رہنے اور اپنی جان بچانے کیلئے ضروری مہارتوں کا تسلیّ بخش معیار حاصل نہیں کر پائے ہیں اور جو گہرے پانی میں 25 میٹر کا فاصلہ اعتماد کے ساتھ اور مدد کے بغیر نہیں تیر سکتے، وہ سکول سوئمنگ سکیم میں شریک ہونے کے اہل ہیں۔ یہ سکیم Year 2سے Year 6 تک کے کمزور تیراکوں کے ساتھ ساتھ خصوصی ضروریات رکھنے والے طالبعلموں کو بھی پیش نظر رکھتی ہے جیسے آسٹریلیا میں نئے آنے والے یا معذور طالبعلم۔

تربیت اس جگہ ہو گی ______________________________
Name of pool

یہ سکیم **روزانہ کلاسوں کے ساتھ دو ہفتے** جاری رہے گی۔

آغاز کی تاریخ ________________ اختتام کی تاریخ ________________
Start date | Finish date

اس تربیت کیلئے کوئی معاوضہ نہیں لیا جائے گا۔

روزانہ ٹرانسپورٹ کا خرچ ____________________
Daily transport cost

روزانہ سوئمنگ پول میں داخل ہونے کی فیس ________________
Daily pool entry cost

10دن کی سکیم کا مجموعی خرچ ____________________________
Total cost for 10 days

ہر بچے کو تیراکی کا لباس، تولیہ، قمیض، ہیٹ اور ٹھنڈے دنوں میں گرم کپڑے ساتھ لانے چاہیئں۔ جب بغیر چھت کے کھلے سوئمنگ پول میں تربیت دی جانی ہو تو مشورہ دیا جاتا ہے کہ طالبعلم دھوپ سے بچاؤ کا درست بندوبست کریں جیسے SPF 30+ broad spectrum (زیادہ اقسام کی شعاعوں سے محفوظ رکھنے والی)، پانی میں برقرار رہنے والی، سن سکرین استعمال کریں اور اسے باقاعدہ وقفوں سے بار بار لگاتے رہیں۔ ٹی شرٹ یا rash shirt پہننے کا بھی مشورہ دیا جاتا ہے (پول والوں کی اجازت سے)۔

پانی میں محفوظ رہنے کی تمام صلاحیتوں کے حوالے سے طالبعلموں کی جانچ کی جائے گی اور یہ بغیر گاگلز پہنے ہو گی۔

اگر آپ کا بچہ اس سکیم کیلئے اہل ہے تو براہ مہربانی رضامندی کا فارم مکمل کر کے اس پر دستخط کریں اور اپنے بچے کے کلاس ٹیچر کو فارم دے دیں۔

پرنسپل کا نام: ____________________ تاریخ: ________________
Name of principal | Date

URDU